## جوعلمائے کرام اورمشائخ عظام مہاجروں کے اغواء اور انہیں بیدردی سے ذبح کرنے اوران کی لاشوں کے ٹکڑے ٹکڑے کرکے پھینکنے کے واقعات کودوگروہوں کی لڑائی قراردے رہے ہیں وہ دراصل مقتولین کو برابر کا قصوروار قراردیکرانہیں بھی شریک جرم کررہے ہیں۔الطاف حسین

## سیاسی علمائے کرام اورمشائخ عظام سے میری درخواست ہے کہ وہ دوٹوک مؤقف کےساتھ سامنے آئیں

## ورنہ خاموشی اختیارکرکے اپنی اوراپنی آنے والی سات پشتوں کیلئے اللہ تعالیٰ کےعذاب کودعوت نہ دیں

## بیدردی سے ذبح کئے جانیوالے مہاجروں کےلواحقین صبرکریں اورایسے باطل پرست عناصرکے بیانات سے ہرگزمشتعل نہ ہوں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔21 اگست 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بعض علمائے کرام اورمشائخ کی جانب سے کراچی میں درندہ صفت قاتلوں کے ہاتھوں اغواءکرکےانہیں بیدردی سے ذبح کئے جانے والے مظلوم مہاجروں اوردرندہ صفت قاتلوں کوایک ہی صف میں کھڑا کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جوعلمائے کرام اورمشائخ عظام اردوبولنے والے مہاجروں کے اغواء اوراغواء کے بعد انہیں بیدردی سے ذبح کرنے اوران کی لاشوں کےٹکڑے ٹکڑے کرکے بوریوں میں بندکرکے مختلف علاقوں میں پھینکنے کے واقعات کودوگروہوں کی لڑائی قراردے رہے ہیں وہ دراصل بے گناہ مارے جانے والے مظلومین ومعصومین اور مقتولین کوبھی برابرکا قصوروارقراردیکرانہیں بھی شریک جرم واستبداداورعملِ قتل وغارتگری میں شامل کررہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جوعلمائے کرام اورمشائخ عظام ایساعمل کررہے ہیں انہیں عالمِ دین توکجاعلمائے حق اور بزرگان دین کے پیروں کی خاک کے برابربھی قرارنہیں دیا جاسکتا لہٰذاایسے سیاسی علمائے کرام اورمشائخ عظام سے میری درخواست ہے کہ وہ ''صاف چھپتے بھی نہیں،سامنے آتے بھی نہیں'' کے مصداق عمل کرنے کے بجائے دوٹوک مؤقف کےساتھ سامنے آئیں ورنہ خاموشی اختیارکرکے اپنی اوراپنی آنے والی سات پشتوں کیلئے اللہ تعالیٰ کےعذاب کودعوت نہ دیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایسےعلمائے سواورعلمائےحق میں یہی تمیز ہے کہ علمائےحق نے ہردورمیں ہرجابرکے سامنے کلمہء حق کہاہے جبکہ علمائے سو نے ہمیشہ ظالم اور باطل قوتوں کا ساتھ دیاہے اوراسلامی تاریخ بھی اس کی شاہد ہے۔جناب الطاف حسین نے درندہ صفت قاتلوں کے ہاتھوں بیدردی سےقتل کئے جانے والے ذبح کرکےٹکڑے ٹکرے کئے جانیوالے مہاجروں کے تمام لواحقین سے ایک مرتبہ پھر دلی ہمدردی کا اظہا کرتے ہوئے ان سے کہا کہ آپ صبرکریں اورایسے باطل پرست عناصرکے بیانات سے ہرگزمشتعل نہ ہوں کیونکہ ایسے ہی عناصرکیلئے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں سورۃ المنافقون نازل فرمائی ہےاورتمام ذی شعورمسلمان اس آیت کریمہ کا مطلب خوب اچھی طرح جانتے ہیں کہ ''لعنت اللہ علی المنافقین'' اور ''لعنت اللہ علی الکاذبین۔

## حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی تعلیمات مسلم امہ کیلئے اثاثہ ہیں،الطاف حسین

## یوم شہادت علیؓ کےموقع پرپیغام

لندن۔۔۔21،اگست 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ عظیم ہستی تھےاوران کی تعلیمات مسلم امہ کیلئے اثاثہ ہیں۔یوم شہادت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کےموقع پراپنے ایک پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضوراکرمﷺ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بارے میں فرمایاہے کہ میں شہرعلم ہوں اورعلیؓ اس کا دروازہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ حضرت علیؓ کےحکیمانہ اورنصیحت آمیزاقوال ہم سب کیلئے مشعل راہ ہیں اورآج ہمیں ان ہی پرعمل پیراہونے کی ضرورت ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شہادت مسلم امہ کیلئے بڑاسانحہ ہےاوریوم شہادت علیؓ کےموقع پرہمیں اپناجائزہ لینےاورمحاسبہ کرنے کےعلاوہ اپنےعمل وکردارکوبہتر بنانے کیلئے ہرممکن اور عملی کوشش کرنی چاہئے۔

## زندہ دِلانِ لاہور کا کراچی میں قتل وغارت کیخلاف احتجاج کرنا انتہائی جراتمندانہ اقدام ہے، رابطہ کمیٹی

## لاہور کے شہریوں اور سول سوسائٹی کا کراچی میں حالیہ پرتشدد کاروائیوں میں بے گناہ شہریوں کے انسانیت سوز قتل عام کیخلاف احتجاج کرنے کا خیر مقدم

کراچی:۔۔۔21اگست، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے زندہ دِلانِ لاہور کے شہریوں اور سول سوسائٹی کی جانب سے کراچی میں حالیہ پرتشدد کاروائیوں میں بے گناہ شہریوں کے انسانیت سوز قتل عام کیخلاف احتجاج کا خیر مقدم کیا ہے اوران کا شکریہ ادا کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لاہور کے شہریوں اور سول سوسائٹی کی جانب سے کراچی میں قتل وغارت گری کیخلاف احتجاج کرنا انتہائی جراتمندانہ اقدام ہے جس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ لاہور کی سول سوسائٹی کراچی سمیت ملک بھر میں ہونیوالی دہشت گردی کی پرتشدد کاروائیوں پر گہری تشویش اور سراپا احتجاج ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ضرورت اس چیز کی ہے کہ ملک بھر کے عوام بھی کراچی سمیت ملک بھر سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے اپنا کردار ادا کریں تاکہ کراچی سمیت ملک بھر سے دہشت گردی کا خاتمہ ہوسکے اور کراچی اور ملک کو امن کا گہوارہ بنایا جاسکے۔رابطہ کمیٹی نے ایک بار پھر لاہور کے شہریوں اور سول سوسائٹی کا کراچی کے بے گناہ شہریوں کے قتل عام پر احتجاج ریکارڈ کرانے کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے دلی تشکر کا اظہار بھی کیا۔رابطہ کمیٹی نے تمام انسانی حقوق کی تنظیموں اور سول سوسائٹی سے اپیل کی ہے کہ وہ کراچی کی موجودہ صورتحال پر اپنا کردار ادا کریں۔

## ایم کیو ایم پی آئی بی کالونی سیکٹر کے شہید کارکن خالد صدیقی سوسائٹی قبرستان میں سپرد خاک

## نماز جنازہ اور تدفین میں ڈاکٹر فاروق ستار، رضا ہارون، صغیر احمد سمیت دیگر کی شرکت

کراچی:۔۔۔21اگست، 2011ء

گزشتہ روز گلشن حدید میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کے کارکن خالد صدیقی شہید ولد عمران صدیقی کو آج بعد نماز ظہر سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے ساتھ سوسائٹی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ رحمانیہ مسجد طارق روڈ پر ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، ارکان رابطہ کمیٹی رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد، حق پرست اراکین اسمبلی رشید گوڈیل، ریحان ظفر، پی آئی بی اور سوسائٹی سیکٹرز کمیٹیوں کے ارکان، ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## کراچی کے حالات ایک سازش کے تحت خراب کئے جارہے ہیں اور اس سازش کا مقصد قائد تحریک الطاف حسین کا نظریہ حق پرستی کو روکنا ہے

## متحدہ قومی موومنٹ رکن رابطہ کمیٹی ومیڈیا سیل کے انچارج واسع جلیل

## دہشت گردوں کی سرپرستی کرنے والوں کو میڈیا نے دنیا کے سامنے واضح مگر اس کے باوجود انکے خلاف کوئی کاروائی عمل میں نہیں آئی

## ایم کیو ایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی

## قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم نے ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہر ممکن کردار ادا کیا ایم کیو ایم حیدرآباد کے جوائنٹ زونل انچارج نوید شمسی

## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زیر اہتمام قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے حیدرآباد کے پرنٹ

## والیکٹرونک میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافی حضرات کے اعزاز میں منعقدہ دعوت افطار

حیدرآباد۔۔۔21اگست 2011ء

قائد تحریک الطاف حسین کی شخصیت پاکستان کی بقاوسلامتی کی علامت ہے۔ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ رکن رابطہ کمیٹی ومیڈیا سیل کے انچارج واسع جلیل نے متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زیر اہتمام قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے حیدرآباد کے پرنٹ والیکٹرونک میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافی حضرات کے اعزاز میں منعقدہ دعوت افطار سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں ایم کیو ایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج فرید احمد متحدہ قو

می موومنٹ حیدرآباد کے جوائنٹ زونل انچارج نوید شمسی، ذوالفقار علی خانزادہ اراکین زونل کمیٹی، حق پرست ایم این اے سید طیب حسین، ایم پی اے اکرم عادل، سید وسیم حسین اور پرنٹ والیکٹرونک میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافی حضرات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے حالات ایک سازش کے تحت خراب کئے جارہے ہیں اور اس سازش کا مقصد قائد تحریک الطاف حسین کا نظریہ حق پرستی کو روکنا ہے کیونکہ ایم کیو ایم کے دشمن عناصر متحدہ قومی موومنٹ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے خوفزدہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ نے جب حق وصداقت کی تبلیغ کا آغاز کیا تو ان پر بھی بے رحمانہ مظالم ڈھائے گئے مگر آپ ﷺ حق و سچ کے راستہ پر گامزن رہے اور غریبوں ومظلوموں کے حقوق کیلئے آواز حق بلند کرتے رہے ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے بھی مظلوموں ومحکموں کیلئے آواز حق بلند کرکے سرکار دوعالم ﷺ کی سنت کی پیروی کی ہے اور ہر قسم کے ریاستی مظالم کے آگے ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں ملک کے غریب عوام کے جائز حقوق کے حصول اور جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام سے نجات حاصل کرنے کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے جدوجہد کرنا ہوگی اور قربانیاں دیکر ہی ہم اس ملک کو امن سلامتی ترقی وخوشحالی کا گہوارہ بناسکتے ہیں۔تقریب سے ایم کیو ایم کے ڈپٹی پارلمانی لیڈر قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کراچی پاکستان کا دل ہے اور کراچی کا دل 90 ہے اور کراچی کے موجودہ حالات سے یہ محسوس ہوتا ہے کہ کراچی میں ہونے والی دہشت گردی کو کسی کی سرپرستی حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ ان دہشت گردوں کی سرپرستی کرنے والوں کو میڈیا نے دنیا کے سامنے واضح مگر اس کے باوجود انکے خلاف کوئی کاروائی عمل میں نہیں آئی اور کراچی کے حالات کی خرابی کی سب سے بڑی وجہ بھی یہ ہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین وہ واحد لیڈر ہے جنھوں نے خالصتاً انسانی ہمدردی قومی جذبے کے تحت ملک کی ترقی اور عوام کی خدمت کرنے میں مصروف عمل ہے اور آج کل بدین سمیت سندھ کے دیگر اضلاع میں بارشیوں وسیلاب متاثر ہونے والے افراد کی مدد ہماری اولین ذمہ داری ہے اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان متاثرین کی مدد و بحالی میں کوشاں ہیں۔تقریب سے ایم کیو ایم حیدرآباد کے جوائنٹ زونل انچارج نوید شمسی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم نے ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہر ممکن کردار ادا کیا اور آج بھی قائد تحریک الطاف حسین کا ملک کے تمام سیاسی اکابرین سے یہی کہہ رہے ہیں کہ وہ ملک کو درپیش حالات اور بین الاقوامی صورتحال کے پیش نظر اپنے اپنے اختلافات کو فراموش کرکے ملک کو ان حالات سے نکالنے کیلئے مل جل کر کام کریں۔

## میر پور خاص ڈگری سیکٹر میں بارش سے متاثرہ افراد کیلئے میڈیکل ریلیف کیمپ کا انعقاد کیا گیا

## ماہر امراض کے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف نے مریضوں کو علاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کیں

## جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنہوں نے سیاست برائے خدمت کے ذریعے

## دکھی انسانیت کی خدمت کو اپنی زندگی کا مقصد سمجھا، اراکین زونل کمیٹی میر پور خاص

## میڈیکل ریلیف کیمپ سے مستفید ہونے والے افراد کا جناب الطاف حسین سے اظہارِ تشکر اور ان کی درازی عمر، صحت وتندرستی کیلئے دعا

کراچی:۔۔۔21 اگست، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام بارش کے متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز میر پور خاص ڈگری سیکٹر میں بارش سے متاثرہ افراد کیلئے میڈیکل ریلیف کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔جس میں مختلف ماہر امراض کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے سیکٹر ڈی کے مختلف ضلعوں سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس کے ذریعے لائے جانیوالے مریضوں کو علاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کیں اور انہیں بارشوں کے باعث پیدا ہونے والی مختلف بیماریوں سے بچاؤ کیلئے لاکھوں روپے مالیت کی ادویات تقسیم کیں گئیں۔خدمت خلق فاونڈیشن کی جانب سے لگائے گئے میڈیکل ریلیف کیمپ سے سینکڑوں کی تعداد میں مریضوں نے استعفادہ حاصل کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم میر پور خاص کی زونل کمیٹی کے اراکین نے میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا اور وہاں پر موجود ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل اسٹاف سے ملاقات کی اور مریضوں کو دی جانیوالی طبی سہولیات کا معائنہ بھی کیا۔کیمپ پر موجود افراد سے میر پور خاص کی زونل کمیٹی کے اراکین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اسی مشن ومقصد کے تحت آج ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان بارشوں سے متاثرہ افراد کی ہر ممکن امداد کیلئے اپنی خدمات انجام دے رہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنہوں نے سیاست برائے خدمت کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت کو اپنی زندگی کا مقصد سمجھا۔بعدازاں میڈیکل ریلیف کیمپ سے مستفید ہونے والے افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اظہارِ تشکر کرتے ہوئے ان کی درازی عمر صحت و تندرستی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے ہمدرد چوہدری اسلم گل کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔21اگست،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے ہمدرد چوہدری اسلم گل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔21اگست،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لاڑکانہ زون کے زونل کمیٹی کے رکن اعجاز احمد تینو کے بھائی ایازعلی تینو،ایلڈرز ونگ بلدیہ سیکٹر یونٹ B-112 کے کارکن محمد یوسف کی والدہ محترمہ عائشہ ماں اور ایم کیوایم بلوچستان نصیر آباد زون کے جوائنٹ زونل انچارج شہباز عمرانی کے بڑے بھائی کرم خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆